روزنامہ
ٹیلی فون نمبر 047-6213029 FD-10

الفضل

ایڈیٹر: عبدالسمیع خان
Web: http://www.alfazl.org
Email: editor@alfazl.org

پیر 15 دسمبر 2008ء 16 ذوالحج 1429 ہجری 15 فتح 1387 ہش جلد 58-93 نمبر 282

ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

یقیناً یادرکھو کہ خدا ہے اور مر کر اس کے حضور ہی جانا ہے۔ کون کہہ سکتا ہے کہ سال آئندہ کے انہیں دنوں میں ہم میں سے یہاں کون ہوگا اور کون آگے چلا جائے گا۔ جبکہ یہ حالت ہے اور یہ یقینی امر ہے پھر کس قدر بدقسمتی ہوگی۔ اگر اپنی زندگی میں قدرت اور طاقت رکھتے ہوئے اس اصل مقصد کے لئے سعی نہ کریں۔ ....تو ضرور پھیلے گا اور وہ غالب آئے گا کیونکہ خدا تعالیٰ نے ایسا ہی ارادہ فرمایا ہے مگر مبارک ہوں گے وہ لوگ جو اس اشاعت میں حصہ لیں گے۔ یہ خدا تعالیٰ کا فضل اور احسان ہے جو اس نے تمہیں موقعہ دیا ہے۔ یہ زندگی جس پر فخر کیا جاتا ہے، ہیچ ہے اور ہمیشہ کی خوشی کی وہی زندگی ہے جو مرنے کے بعد عطا ہوگی۔ ہاں یہ سچ ہے کہ وہ اسی دنیا اور اسی زندگی سے شروع ہو جاتی ہے اور اس کی تیاری بھی یہاں ہی ہوتی ہے۔

عرصہ ہوا کہ خدا تعالیٰ نے مجھ پر ظاہر کیا تھا کہ ایک بہشتی مقبرہ ہوگا۔ گویا اس میں وہ لوگ داخل ہوں گے جو اللہ تعالیٰ کے علم اور ارادہ میں جنتی ہیں۔ پھر اس کے متعلق الہام ہوا۔ انزل فیھا کل رحمۃ۔ اس سے کوئی نعمت اور رحمت باہر نہیں رہتی۔ اب جو شخص چاہتا ہے کہ وہ ایسی رحمت کے نزول کی جگہ میں دفن ہو۔ کیا عمدہ موقعہ ہے کہ وہ دین کو دنیا پر مقدم کرلے اور اللہ تعالیٰ کی مرضی کو اپنی مرضی پر مقدم کرلے۔ یہ صدی جس کے تیئس سال گزرنے کو ہیں گزر جائے گی اور اس کے آخر تک موجودہ نسل میں سے کوئی نہ رہے گا اور اگر نکما ہو کر رہا تو کیا فائدہ؟ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ تم اپنا صدقہ پہلے بھیجو۔ یہ لفظ صدقہ کا صدق سے لیا گیا ہے۔ جب تک اللہ تعالیٰ کی راہ میں کوئی کامل نمونہ اپنے صدق اور اخلاص کا نہیں دکھاتا۔ لاف زنی سے کچھ بن نہیں سکتا۔

الوصیت اشتہار میں جو میں نے حصہ جائیداد کی اشاعت .... کے لئے وصیت کرنے کی قید لگائی ہے۔ میں نے دیکھا کہ کل بعض نے 1/6 کی کر دی ہے۔ یہ صدق ہے جو ان سے کراتا ہے اور جب تک صدق ظاہر نہ ہو کوئی مومن نہیں کہلا سکتا۔

تم اس بات کو کبھی مت بھولو کہ خدا تعالیٰ کے فضل و کرم کے بغیر جی ہی نہیں سکتے چہ جائیکہ موت سر پر ہو۔ طاعون کا موسم پھر آ رہا ہے۔ زلزلہ کا خوف الگ دامنگیر ہے۔ وہ تو بڑا ہی بے وقوف ہے جو اپنے آپ کو امن میں سمجھتا ہے امن میں تو وہی ہو سکتا ہے جو اللہ تعالیٰ کا سچا فرمانبردار اور اس کی رضا کا جویاں ہے۔ ایسی حالت میں بے بنیاد زندگی کے ساتھ دل لگانا کیا فائدہ؟

(ملفوظات جلد چہارم۔ صفحہ 616)

جنازہ پڑھا

حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہ ایک کالا آدمی مسجد نبوی میں جھاڑو دیا کرتا تھا۔ وہ مر گیا تو صحابہ نے رسول اللہؐ کو بتائے بغیر اسے دفن کر دیا۔ رسول اللہؐ کو بعد میں پتہ لگا تو آپؐ نے فرمایا مجھے اس کی قبر پر لے چلو پھر اس کی قبر پر آئے اور اس کا جنازہ پڑھا۔

(صحیح بخاری کتاب الصلوٰۃ باب کنس المسجد حدیث نمبر :438)

بیوت الحمد منصوبہ میں مالی قربانی کا موقع

قرآنی تعلیمات کی رو سے بے سہارا افراد، بیواؤں اور غرباء کی ضروریات پوری کرنا خدا تعالیٰ کا پیار حاصل کرنے کا بہترین زینہ ہے۔ بیوت الحمد منصوبہ کے تحت بیوگان اور مستحقین کو حسب ضرورت رہائش کی سہولت فراہم کی جاتی ہے۔ ہر قسم کی سہولیات سے آراستہ بیوت الحمد کالونی میں 106 کوارٹرز تعمیر ہو چکے ہیں۔ اسی طرح پونے چھ صد احباب کو ان کے اپنے اپنے گھروں میں حسب ضرورت جزوی توسیع کیلئے لاکھوں روپے کی امداد دی جا چکی ہے اور امداد کا یہ سلسلہ جاری ہے۔ احباب کرام کی خدمت میں درخواست ہے کہ ضرورت مندوں کا حلقہ وسیع ہونے کے باعث اس بابرکت تحریک میں زیادہ سے زیادہ مالی قربانی پیش فرمائیں۔ ایک مکان کے پورے اخراجات سے لے کر حسب استطاعت آپ جو بھی مالی قربانی پیش فرمائیں مقامی جماعت کے نظام کے تحت یا براہ راست مد بیوت الحمد خزانہ صدر انجمن احمدیہ میں ارسال فرما کر عنداللہ ماجور ہوں۔

(صدر بیوت الحمد منصوبہ)

خلافت لائبریری میں نمائش

خلافت لائبریری ربوہ میں صد سالہ خلافت جوبلی کے سلسلہ میں جماعت احمدیہ کے سو سالہ دور میں چھپنے والی کتب، اخبارات اور رسائل کی نمائش 4 دسمبر سے شروع ہے جو 18 دسمبر 2008ء تک جاری رہے گی۔ احباب اس سے استفادہ کریں۔

نمائش کے اوقات درج ذیل ہونگے

صبح 8:00 تا 10:30 بجے	مرد حضرات
صبح 10:30 تا 12:30 بجے	خواتین
دوپہر 12:30 تا 3:00 بجے	مرد حضرات
سہ پہر 3:00 تا 5:00 بجے	خواتین
شام 5:00 بجے تا 7:00 بجے	فیملی
رات 7:00 تا 8:00 بجے	مرد حضرات

(انچارج خلافت لائبریری)

محترم مولانا دوست محمد صاحب شاہد مورخ احمدیت

عالم روحانی کے لعل و جواہر نمبر 511

صاحبِ رشد، حیا اور حلم کے متعلق خلافت کا خدائی انکشاف

حضرت چوہدری محمد ظفراللہ خان صاحب تحریر فرماتے ہیں۔

اکتوبر 1965ء میں مجھے بعض امور کی سرانجام دہی کے لئے امریکہ جانا ہوا۔ وہاں سے فراغت پا کر میں سان فرانسسکو سے نیوزی لینڈ کے سفر پر روانہ ہوا۔ ہوائی جہاز دوسری صبح قبل فجر جزائر فیجی کے بین الاقوامی مطار نا ندی پہنچا۔ میرا ارادہ چند دن جزائر فیجی میں ٹھہرنے کا تھا۔ ہم سان فرانسسکو سے جمعرات کے دن روانہ ہوئے تھے۔ دوسرے دن نا ندی پہنچنے پر معلوم ہوا کہ ہفتے کا دن ہے۔ درمیان میں سے جمعہ کا دن غائب ہوگیا۔ مطار پر شیخ عبدالواحد صاحب مبشر سلسلہ احمدیہ اور نا ندی کے چند احباب تشریف لائے ہوئے تھے۔ میں ان کے ہمراہ شہر چلا گیا اور آئندہ چھ دن یعنی ہفتہ 5 نومبر سے جمعہ 11 نومبر تک ان کے تجویز کردہ پروگرام کے مطابق ان کی خدمت میں حاضر و مشغول رہا۔ اس عرصے میں مختلف مقامات پر حاضری کا موقع ہوا لیکن زیادہ وقت جزائر کے صدر مقام سووا Suva میں گزرا۔

9 نومبر کی شام کو پبلک جلسہ تھا۔ اسی سہ پہر ربوہ سے بذریعہ تار خبر ملی کہ حضرت خلیفۃ المسیح الثانی کی بیماری تشویشناک صورت اختیار کر گئی ہے۔ یہ معلوم ہوتے ہی میں ہوائی کمپنی کے دفتر میں گیا اور وہاں دریافت کرنے پر معلوم ہوا کہ مجھے ربوہ پہنچنے کے لئے تین دن درکار ہوں گے۔ وہاں سے میں احمدیہ مشن ہاؤس گیا تا کہ شیخ عبدالواحد صاحب اور احباب کے ساتھ مشورہ کر کے اپنا پروگرام طے کروں۔ وہاں پہنچنے پر معلوم ہوا کہ حضور کے وصال کی اطلاع آ چکی ہے۔ شیخ صاحب تو مارے غم و اندوہ کے حواس باختہ ہو رہے تھے۔ جو کچھ میں تجویز کرتا گیا وہ سر کے اشارے سے رضا مندی ظاہر کرتے گئے۔ بعد مشورہ طے پایا کہ چونکہ میں ربوہ کسی صورت جنازے میں شامل ہونے یا خلیفہ کے انتخاب میں شریک ہونے کے لئے بروقت نہیں پہنچ سکتا اس لئے سفر کے پروگرام میں کوئی تبدیلی کرنا عبث ہوگا۔ اس کے علاوہ آخری وقت پر شام کے جلسے کی منسوخی بھی مناسب نہیں۔ شیخ صاحب کی حالت ایسی نہ تھی کہ وہ جلسے میں شامل ہو سکتے اور جزائر کی جماعتوں کو اطلاع کرنے اور ان کے استفسارات کا جواب دینے کے لئے بھی مشن ہاؤس میں ان کی موجودگی لازم تھی۔ اگرچہ میری اپنی حالت بھی ایسی تھی کہ طبیعت پر ضبط دشوار ہو رہا تھا۔ لیکن جلسہ میں میری حاضری ضروری تھی اس لئے میں جلد تیار ہو کر برقت جلسے میں پہنچ گیا اور خود ہی قراءت سورہ فاتحہ کے بعد اس سانحہ کا اعلان کر کے اور اس کے پیش نظر جناب صدر سے اجازت چاہی کہ جلسے کی کارروائی میری تقریر تک محدود رہے اور ابتدائی تعارفی تقریر اور آخری صدارتی تقریر اور نظم کا پڑھنا ترک کر دیا جائے۔ جناب صدر نے بلا تامل اسی کے مطابق جلسے کی کارروائی سرانجام دی۔ میرے لئے اس موقع پر تقریر کا نبھانا بہت مشکل امر تھا لیکن جیسے بن پڑا جو مضمون ذہن میں تھا اللہ تعالیٰ کی عطا کردہ توفیق سے بیان کیا گیا۔

وہ رات میرے لئے سخت کرب کی رات تھی۔ پچھلے پہر میں نے ایک خواب دیکھا جس کی واضح تعبیر تھی کہ خلیفہ کا انتخاب ہو گیا ہے۔ منتخب ہونے والے خلیفہ کی عمر 56 سال ہے اور ان کی طبیعت میں بہت رُشد، حیا اور حلم ہے۔ صبح ہونے پر میں نے موجودہ احباب سے یہ ذکر کر کے اپنا اندازہ بیان کیا کہ صاحبزادہ حافظ مرزا ناصر احمد صاحب خلیفہ منتخب ہوئے ہیں۔ حضور کی عمر کے متعلق صرف میرا اندازہ تھا کہ 56 سال ہے بعد میں معلوم ہوا کہ آپ کی ولادت 1909 کی ہے یعنی آپ کی عمر انتخاب کے وقت پورے 56 سال تھی۔''

(تحدیث نعمت صفحہ 716 اشاعت دوم دسمبر 1982ء)

دنیا کے بڑے دریا

دریا	کلومیٹر
نیل، افریقہ	6,650
ایمزون، جنوبی امریکہ	6437
ینگزی، ایشیا	6300
مسی سپی، مسوری نارتھ امریکہ	6020
ین زے، ایشیا	5,540
ہوآ نگ، ایشیا	5,464
اوب، ایشیا	5,409
پارانا، جنوبی امریکہ	4,880
کانگو، افریقہ	4,700
آ مور، ایشیا	4,444
لینا، ایشیا	4,400
میکانگ، ایشیا	4,350
میکنزی، شمالی امریکہ	4,241
نائیجر، افریقہ	4,200
زیمبیزی، افریقہ	3,540

(ماخذ ورلڈ اٹلس، کینیڈا)

سرچشمہ محبت و آشتی

خدا والوں نے برلن میں جو اک (بیت) بنائی ہے
جو کی تھی اشکباری کل وہی یہ رنگ لائی ہے

جو برسوں پہلے آباء نے ہمارے خواب دیکھے تھے
بفضل اللہ انہی خوابوں نے یہ تعبیر پائی ہے

یہ سر چشمہ، محبت آشتی و امن کا ہو گی
اجالا ہی اجالا اور اس میں روشنائی ہے

مبارک اہلِ برلن ہو گھڑی یہ خوش نصیبی کی
کہ اب یہ ارض، خانۂ خدا سے جگمگائی ہے

جو اس کے گنبد و مینار سے اب نور پُھوٹے گا
اسی سے ہی ضلالت کے اندھیروں سے رہائی ہے

سنو لوگو خدا کے گھر سے جو پرخاش رکھتے ہو
اسی گھر میں تمہاری اور نسلوں کی بھلائی ہے

یہ گھر اللہ کا ہے وہ اسے آباد کر دے گا
فقیروں نے تو اس کے نام کی دھونی رمائی ہے

ہم اہل اللہ کو اللہ نے مسرور بخشا ہے
ہمیشہ ساتھ اس کے تائید و نصرت خدائی ہے

مبارک احمد ظفرؔ

پبلشر و پرنٹر طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ مطبع ضیاء الاسلام پریس مقام اشاعت دارالنصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت -/5 روپے

حضرت شیخ خدا بخش صاحب لائلپوری رفیق حضرت مسیح موعود

آپ نے 1904ء میں لائلپور (فیصل آباد) میں احمدیت کی بنا ڈالی

قسط اول

مکرم ملک محمد شریف صاحب لائلپوری

خاکسار کے والد حضرت شیخ خدا بخش صاحب وزیرآباد ضلع گوجرانوالہ کے رہنے والے تھے۔ آپ کے والدین کا سایہ بچپن سے ہی آپ کے سر پر سے اٹھ گیا تھا۔ اس لئے آپ کی پرورش آپ کے چچا نے کی جو کہ فوج میں ملازم تھے۔ چچا کی ملازمت کے سلسلہ میں آپ کا بچپن ہندوستان (یعنی موجودہ بھارت) کی ریاست اندور میں گزرا۔ جب آپ کے چچا نے پنشن حاصل کی تو آپ وزیرآباد آکر آباد ہو گئے۔ آپ ابھی نوجوان ہی تھے کہ آپ کے چچا بھی انتقال کر گئے۔

آپ صرف پرائمری پاس تھے اور تھوڑی بہت انگریزی سے بھی واقف تھے۔ چنانچہ میں نے آپ کی زبان سے کئی دفعہ انگریزی زبان کے بعض جملے سنے ہیں۔

مذہبی تعلیم

آپ نے مذہبی تعلیم، وزیرآباد میں حافظ عبدالمنان وزیرآبادی سے حاصل کی تھی جو کہ اس زمانہ میں ایک نامور اہلحدیث عالم تھے۔ سیدنا حضرت مسیح موعود نے اپنی کتاب انجام آتھم میں جب ہندوستان کے نامور علماء اور گدی نشینوں کو دعوت مباہلہ دی تو اس میں حافظ عبدالمنان صاحب کا نام بھی شامل ہے۔ والد صاحب قرآن شریف کے اچھے عالم تھے اور اتنا صحیح قرآن پاک پڑھا کرتے تھے کہ لوگ آپ کی قرآن دانی کے قائل تھے۔ باوجود حافظ قرآن نہ ہونے کے قرآن شریف کی آیات آپ کو زبانی یاد تھیں اور فرمایا کرتے تھے کہ کوئی شخص اگر میرے سامنے قرآن شریف کی کوئی آیت غلط پڑھے تو میں قرآن شریف سے اس آیت کو دیکھے بغیر اس کی اصلاح کر دیا کرتا تھا اور کبھی غلطی نہ ہوتی تھی۔ چنانچہ اس زمانہ میں لوگ صبح اپنی دکانوں پر قرآن شریف کی تلاوت کیا کرتے تھے۔ آپ بازار سے گزرتے ہوئے بعض دفعہ قرآن شریف کی غلط تلاوت کرنے والوں کی تصحیح کر دیا کرتے تھے۔ آپ کو قرآن شریف کے پڑھنے اور پڑھانے سے ایک عشق تھا۔ آپ کو بے حد شوق تھا کہ آپ کے بچے قرآن شریف سے واقف ہوں۔ اس غرض کے لئے انہوں نے مجھے اور میرے چھوٹے بھائی کو قرآن شریف پڑھانے کا انتظام کیا۔ ہم قرآن شریف پڑھ کر سکول جاتے تھے۔ میری بڑی ہمشیرہ سکینہ بی بی صاحبہ کو آپ نے خود قرآن شریف ترجمہ کے ساتھ پڑھایا تھا۔

نماز روزہ کے بہت پابند تھے اور نماز تہجد بھی باقاعدہ ادا کرتے تھے۔ آپ ہمیشہ صبح کی نماز بیت میں باجماعت ادا کرتے تھے اور نماز کے بعد حافظ عبدالمنان درس قرآن شریف دیا کرتے تھے آپ اس میں باقاعدہ شامل ہوتے تھے۔

قبول احمدیت

اللہ تعالیٰ کو آپ کی دین سے محبت پسند آئی اور محض اپنے فضل سے قبول احمدیت کی توفیق عطا فرمائی۔ آپ قبول احمدیت کے حالات بیان فرمایا کرتے تھے جو کہ بہت دلچسپ ہیں۔

آپ فرماتے تھے کہ وزیرآباد میں آپ کا ایک دوست شیخ جان محمد احمدی ہو گیا۔ اس نے اپنے دوستانہ تعلقات کی بنا پر آپ کو بھی احمدیت کی دعوت کی۔ آپ نے اس بات کا حافظ عبدالمنان صاحب سے ذکر کیا۔ اس نے بتایا کہ حضرت رسول مقبول ﷺ نے ایک حدیث میں فرمایا ہے کہ جب مہدی ظاہر ہوگا تو ماہ رمضان میں چاند اور سورج کو اکٹھا گرہن لگے گا۔ اس وقت تک کسوف وخسوف کا آسمانی نشان ظاہر نہیں ہوا تھا۔ اسی روایت کو حافظ محمد لکھو کے والے نے احوال الآخرت میں پنجابی منظوم کلام میں اس طرح لکھا ہے۔

تیرہویں چن ستیویں سورج گرہن ہوسی اس سالے
اندر ماہ رمضانے لکھیا اک روایت والے

حضرت والد صاحب کو احوال الآخرت کتاب زبانی یاد تھی اور آپ اس پر بہت فخر کیا کرتے تھے۔ اس میں یہ حکمت پنہاں تھی کہ اس کتاب کی بدولت آپ کو احمدیت کی آغوش میں آنا تھا۔ چنانچہ آپ نے اپنے احمدی دوست کو نبی کریم ﷺ کی حدیث اور احوال الآخرت کی طرف متوجہ کیا اور کہا کہ اگر حضرت مرزا صاحب واقعی امام مہدی ہیں تو یہ نشان کیوں پورا نہیں ہوا۔ خدا کا کرنا تھا کہ 1894ء میں اللہ تعالیٰ نے آسمان پر اس عظیم نشان کو ظاہر کر دیا۔

جب اللہ تعالیٰ نے یہ عظیم الشان نشان آسمان پر ظاہر فرمایا تو احمدی دوست نے حضرت والد صاحب کو اس طرف توجہ دلائی اور پوچھا کہ اب آپ کو حضرت مرزا صاحب کے ماننے میں کیا اعتراض ہے۔ والد صاحب چونکہ نیک خصلت اور متقی انسان تھے۔ آپ خاموش ہو گئے اور وعدہ کیا کہ حافظ عبدالمنان سے دریافت کرکے آپ کو جواب دوں گا۔ چنانچہ آپ حافظ عبدالمنان کے پاس آئے اور تمام ماجرا بیان کیا۔ حافظ صاحب سن کر کہنے لگے کہ میاں یہ حدیث ضعیف ہے۔ والد صاحب شیخ محمد جان کے پاس آئے اور وہ جواب سنا دیا۔ وہ ہنس پڑے اور پوچھا کہ جو حدیث آج تک ثقہ تھی وہ پوری ہونے کے بعد ضعیف کیسے ہو گئی۔ یہ بات تو خلاف عقل ہے۔ چونکہ یہ بات بہت معقول تھی اور صداقت پر مبنی تھی اس لئے والد صاحب پر بہت اثر ہوا اور آپ نے تمام گفتگو سے حافظ عبدالمنان کو مطلع فرمایا اور کسی معقول جواب کا مطالبہ کیا جوان کی طبع نازک پر گراں گزرا اور آگ بگولہ ہو گیا اور کہا خدا بخش معلوم ہوتا ہے تم مرزائی ہو گئے ہو۔ اس لئے میں اب صبح کا ناشتہ تمہارے گھر پر نہ کروں گا اور نہ تمہارے گھر میں داخل ہوں گا (والد صاحب فرمایا کرتے تھے کہ حافظ عبدالمنان میرا استاد ہونے کی وجہ سے صبح کا ناشتہ روزانہ میرے مکان پر آکر کیا کرتا تھا) جب اس نے ایسے متکبرانہ انداز میں بات کی تو میں نے جواب دیا کہ حق بات کو قبول کرنے کی بجائے آپ ناراض ہو رہے ہیں اس لئے آپ بیشک میرے گھر میں داخل نہ ہوں اور میں بھی آپ کے پاس نہیں آیا کروں گا۔ چنانچہ اس واقعہ کے بعد تعلقات کشیدہ ہو گئے اور یہی بات حضرت والد صاحب کو سیدنا حضرت مسیح موعود کی غلامی میں لے آئی۔

اس واقعہ کے بعد حضرت والد صاحب نے فیصلہ کیا کہ آپ خود قادیان جا کر سیدنا حضرت مسیح موعود کے حالات سے واقفیت حاصل کریں۔ وزیرآباد میں حضرت حافظ غلام رسول صاحب وزیرآبادی بھی اپنے گاؤں سے آیا جایا کرتے تھے۔ وہ بھی حضرت والد صاحب کے دوستوں میں سے تھے۔ حضرت حافظ غلام رسول صاحب کے وزیرآباد اور گردونواح میں ہزارہا شاگرد تھے اور حضرت حافظ صاحب کی اس علاقہ میں بہت قدر ومنزلت تھی مگر آپ کے احمدی ہو جانے سے بعض لوگ آپ کی بہت مخالفت کرتے تھے۔ حضرت حافظ صاحب نے بھی آپ کو تحریک کی کہ آپ خود قادیان جائیں۔ چنانچہ حضرت والد صاحب قادیان دارالامان جانے کے لئے تیار ہو گئے۔ آپ نے اپنے چند ایک غیر احمدی دوستوں سے اس بات کا ذکر کیا سب نے آپ کو قادیان جانے سے منع کیا۔ مگر یہ سب باتیں آپ کے ارادہ میں حائل نہ ہو سکیں اور آپ قادیان تشریف لے آئے۔

قادیان میں آمد

حضرت والد صاحب فرمایا کرتے تھے کہ جس دن شام کے وقت میں قادیان پہنچا۔ اسی دن ایک نوجوان عبدالحق نامی جو کہ بی اے پاس تھا اور عیسائی ہو چکا تھا وہ بھی حضرت مسیح موعود کے پاس شام کے وقت قادیان حاضر ہوا۔ جب حضور کو علم ہوا تو حضور نے آپ کو باریابی کا شرف بخشا اور میں بھی ساتھ تھا۔ حضرت والد صاحب نے جب سیدنا حضرت امام پاک کا مقدس نورانی چہرہ دیکھا تو حیران وششدر رہ گئے۔ فرماتے تھے کہ فوراً میرے دل نے گواہی دی کہ یہ منہ جھوٹے اور دغا باز انسان کا نہیں ہو سکتا۔ چنانچہ چہرہ مبارک دیکھتے ہی آپ دل و جان سے حضرت مسیح موعود پر فدا ہو گئے۔

عبدالحق نے اپنے واقعات بتانے شروع کئے اور کہا کہ ایک شخص نے مجھے کہا کہ اگر تم مذہب میں تسلی چاہتے ہو تو قادیان جا کر مرزا غلام احمد کو ملو۔ اس سے پہلے میں حضور کے نام سے ناآشنا تھا۔ چنانچہ اس نوجوان کی تحریک پر میں آپ کے پاس حاضر ہوا ہوں۔ سلسلہ کلام ختم کرتے ہوئے اس نے سیدنا حضرت مسیح موعود کے ہاتھ میں ایک کاغذ کا پرزہ دیا جس پر 6 سوال لکھے ہوئے تھے۔ حضور نے رقعہ ہاتھ میں لے کر ان سوالات پر ایک طائرانہ نظر فرمائی اور کاغذ عبدالحق کے ہاتھ میں دیتے ہوئے فرمایا۔ اب رات ہو گئی ہے اور آپ سفر سے آئے ہیں اب آرام کریں اور صبح آپ کی تسلی کر دی جائے گی اور ان سوالوں کا جواب بھی دیا جائے گا۔ چنانچہ عبدالحق اور باقی تمام دوست آرام کرنے کے لئے اپنی اپنی قیام گاہ کی طرف چلے گئے اور حضور اندرون خانہ تشریف لے گئے۔

عبدالحق کے ساتھ گفتگو

دوسرے دن صبح جب حضور سیر کے لئے تشریف لے جانے لگے اور تمام احباب اکٹھے ہو گئے تو حضور نے عبدالحق کو بلانے کا ارشاد فرمایا۔ عبدالحق ایک چوبارہ پر تھا (مجھے یہ جگہ اب صحیح طور پر یاد نہیں کہ کون سی تھی) حضور خود سیڑھیوں پر تشریف لے گئے اور اس طرح پر آواز دی۔ ویل مسٹر عبدالحق (Well Mr. Abdul Haq) یہ پہلا فقرہ انگریزی زبان کا تھا جو والد صاحب فرماتے ہیں میں نے حضور پُرنور کی زبان مبارک سے ادا ہوتے ہوئے سنا۔ جس میں عجیب محبت اور شیرینی تھی۔ عبدالحق نے جب اس محبت بھری آواز کو سنا تو فوراً جواب دیا حضور حاضر ہوتا ہوں اور چند ہی لمحوں میں وہ نیچے اتر آیا اور خدا تعالیٰ کے برگزیدہ مسیح پاک کے دائیں جانب چلنا شروع کر دیا۔ رات والا کاغذ کا ٹکڑا اس نے حضور پُرنور کے ہاتھ میں دیا حضور نے اس پر ایک نظر فرمائی اور کوٹ کی جیب میں ڈال لیا اور تقریر فرمانا شروع کر دی اور سیر کے لئے قادیان سے باہر ہائی سکول کی جانب تشریف لے گئے۔ حضور دو تین میل سیر کرتے ہوئے گئے اور پھر واپس تشریف لے آئے اور آتے جاتے تقریر جاری رہی جس کا موضوع عبدالحق کے سوالات کا جواب تھا۔ بہت سے احباب اس سیر میں حضور کے ساتھ شامل تھے۔

دوران سیر میں والد صاحب فرمایا کرتے تھے جب لوگوں کے چلنے کی وجہ سے گرد اڑتی تھی تو حضور

ٹھہر جاتے تھے اور فرماتے تھے ذرا آہستہ چند منٹ ٹھہرنے کے بعد پھر چل پڑتے۔ جب پھر گرد اڑتی تو حضور ٹھہر جاتے۔ چند منٹ کے بعد پھر چل پڑتے۔ جب حضور گرد اڑنے کی وجہ سے ٹھہرتے تو والد صاحب فرماتے ہیں کہ حضور اپنی پگڑی کے شملہ سے اپنا چہرہ مبارک صاف کر لیتے۔ چنانچہ حضور کی اس سادگی نے بھی حضرت والد صاحب پر بہت اثر کیا۔ کیونکہ والد صاحب کو حضور پُرنور کو بہت قریب سے دیکھنے کا موقع میسر آیا تھا۔

جب آپ واپس احمدیہ چوک میں تشریف لائے اور عبدالحق کو مخاطب فرما کر ارشاد فرمایا۔ مسٹر عبدالحق میں نے آپ کے ایک سوال کا جواب دیا ہے ابھی 5 سوالوں کا جواب باقی ہے جو کہ پھر کسی وقت دیا جائے گا لیکن عبدالحق اس گفتگو سے اتنا متاثر تھا کہ اس نے کہا کہ حضور میرے سب سوالوں کا جواب آ گیا ہے اور حضور پُرنور کے متعلق جو میں نے سنا تھا وہ اپنی آنکھوں سے دیکھ لیا ہے۔ اب مجھے مزید کسی جواب کی ضرورت نہیں ہے اور میں آپ کے ہاتھ پر احمدی ہونے کی سعادت حاصل کرتا ہوں۔ مگر حضور نے بیعت لینے میں توقف کیا اور فرمایا نہیں ابھی بیعت کی ضرورت نہیں تم ابھی بچے ہو جلد گھبرا گئے ہو۔ تم ہمارے پاس ٹھہرو اور خوب تحقیق کرو تا کہ دوبارہ ٹھوکر نہ کھاؤ۔ حضور کے اس جواب پر وہ پھر اصرار کرنے لگا اور کہا کہ نہیں میں بہت جلد بیعت کرنا چاہتا ہوں۔ آپ نے پھر انکار کیا اور فرمایا نہیں جلدی کی ضرورت نہیں ہے اور کئی پادریوں کا نام لے کر فرمایا کہ ان کو بلاؤ۔ مگر عبدالحق نے کہا کہ حضور مجھے کسی کے بلانے اور مشورہ کرنے کی ضرورت نہیں ہے میں نے حضور کے ذریعہ حق پا لیا ہے اب میں احمدی ہونے میں جلدی چاہتا ہوں۔ اس پر حضور پُرنور نے وہیں کھڑے کھڑے اس کی بیعت قبول فرمائی اور اللہ تعالیٰ نے حضرت والد صاحب کو بھی توفیق عطا فرمائی کہ آپ نے بھی اسی وقت بیعت کر لی۔ اس مجمع میں بہت سے احباب باہر سے تحقیق حق کے لئے آئے ہوئے تھے انہوں نے بھی بیعت کر لی۔ یہ بھی ایک عجیب نظارہ تھا۔

اس طرح والد صاحب حلقہ بگوش احمدیت ہو گئے۔ عبدالحق چند دن تک قادیان میں رہا۔ حضرت والد صاحب بھی قادیان میں مقیم رہے اور خدا تعالیٰ کے برگزیدہ مسیح پاک کے انفاس قدسیہ اور روحانی مائدہ سے لطف اندوز ہوتے رہے۔ جب تک عبدالحق قادیان رہا والد صاحب بھی وہیں رہے۔ فرمایا کرتے تھے کہ واپس آنے کو دل نہ چاہتا تھا مگر گھر کے حالات نے واپس آنے پر مجبور کر دیا۔ والد صاحب قادیان کے مقدس انسان کو دیکھنے کے لئے قادیان تشریف لے گئے تھے مگر اس زندگی بخش انسان کی قوت قدسیہ نے والد صاحب کو گھائل کر لیا۔ چنانچہ والد صاحب احمدی ہو کر اور علم و عرفان کے خزانوں سے اپنی جھولی بھر کر واپس لوٹے۔

واپسی پر دعوت الی اللہ

حضرت والد صاحب گھریلو حالات کی مجبوری کی وجہ سے واپس وزیر آباد آ گئے مگر مرکز احمدیت اور سیدنا حضرت مسیح موعود سے بڑا گہرا تعلق رکھا۔ آپ جب کبھی اپنے کاروبار کے سلسلہ میں لاہور اور امرتسر تشریف لے جاتے تو قادیان میں حضرت مسیح موعود کی زیارت سے بھی مشرف ہو کر آتے۔ آپ نے وزیر آباد میں اپنے احباب اور دوستوں میں دعوت الی اللہ کا ایک جال پھیلا دیا۔ دعوت الی اللہ کے میدان میں آپ ایک نڈر انسان کی طرح پیش پیش رہتے تھے۔ آپ کی بہت مخالفت کی گئی مگر آپ نے کبھی بھی اس بات کی پرواہ نہ کی اور نہایت ہی دلیری سے پیغام حق پہنچاتے رہے۔ میں نے کئی دفعہ والد صاحب کو بیوت میں بڑے بڑے مجمعوں میں اکیلے دعوت الی اللہ کرتے ہوئے دیکھا ہے۔

حضرت مسیح موعود کا سفر جہلم

سیدنا حضرت مسیح موعود پر جب مولوی کرم دین ساکن بھیں نے مقدمہ دائر کیا تھا تو حضرت والد صاحب کو وزیر آباد سے حضور کے ساتھ اس سفر میں شامل ہونے کی سعادت نصیب ہوئی۔ آپ فرمایا کرتے تھے کہ جس ریل کے ڈبہ میں حضرت مسیح پاک تشریف فرما تھے اسی ڈبہ میں دروازہ پر پہرہ دار کی حیثیت سے آپ کو ڈیوٹی پر مقرر کیا گیا۔ منتظمین کی طرف سے ہدایت تھی کہ کوئی شخص اندر داخل نہ ہو۔ والد صاحب نے بہت خوش اسلوبی سے یہ ڈیوٹی ادا کی۔ فرمایا کرتے تھے کہ جب کوئی سٹیشن آتا تو لوگ بھاگے بھاگے امام وقت کی زیارت کے لئے اس ڈبہ کے پاس آ جاتے جس میں حضور پُرنور رونق افروز تھے۔ ہر شخص کی خواہش ہوتی تھی کہ مسیح موعود کی زیارت کرے مگر میں کسی کو اندر داخل نہ ہونے دیتا تھا۔ بعض لوگ بڑی لجاجت سے کہتے تھے کہ مہدی پاک کی زیارت کرا دو۔ میں دروازہ میں کبھی کبھی بعض دوستوں کو زیارت کرا دیتا تھا۔ حضرت مسیح پاک اپنی نشست پر منہ پر رومال رکھے نظریں نیچی کئے تشریف فرما تھے۔ بعض لوگ میرے پاس آ کر کہتے تھے کہ میاں صاحب ہم حضور کے غلاموں میں سے ہیں ہمیں اندر آنے کی اجازت دی جائے۔ آپ نے چند احباب کو اجازت دے دی کیونکہ انہوں نے اس طرز پر اپنی خواہش کا اظہار فرمایا کہ آپ کی طبیعت پر بہت اثر ہوا اور آپ کی رحم دلی اور نرم طبیعت برداشت نہ کر سکی۔ آپ فرمایا کرتے تھے کہ ایک شخص نے نہایت پُر درد لہجہ میں مجھے کہا کہ 1300 سال کے بعد خدا کا پاک مہدی دنیا میں آیا ہے کہ جس کی انتظار میں آنکھیں ترس گئی ہیں مگر آپ لوگ ہمیں زیارت سے محروم رکھنا چاہتے ہیں۔ چنانچہ والد صاحب نے اس شخص کو دروازہ کے پاس زمین پر جگہ دے دی اور وہ بہت ہی خوش ہوا اور اس نے والد صاحب کو دعائیں دیں۔ جب حضور اقدس کی گاڑی گجرات کے سٹیشن پر رکی تو ایک جم غفیر حضور کی زیارت کے لئے موجود تھا اور لوگوں نے دور سے حضور کو دیکھا۔ گجرات کے احمدی تحصیلدار چوہدری نواب خاں صاحب نے حضور اور حضور کے خدام کی دعوت طعام کا بندوبست کیا ہوا تھا۔ چونکہ گاڑی زیادہ دیر تک سٹیشن پر رک نہ سکتی تھی اس لئے تحصیلدار نے اپنے خدام کو حکم دیا کہ پلاؤ اور زردہ کی بڑی بڑی طشتریاں چاولوں سے بھر کر گاڑی کے ڈبوں میں تقسیم کرتے چلے جاؤ اور ساتھ یہ بھی حکم دیا کہ کسی سے طشتری کی واپسی کا مطالبہ نہ کرو اور یہ بتا دو کہ جب دوست چاول کھا لیں تو چلتی گاڑی سے لائن کے ساتھ ساتھ طشتریاں پھینکتے چلے جائیں ہم خود اکٹھی کر لیں گے (اللہ تعالیٰ اس شخص کو جزا دے) والد صاحب فرمایا کرتے تھے کہ اتنا بافراط کھانا تھا کہ اس گاڑی میں سوار ہر ایک شخص نے خواہ وہ احمدی تھا یا غیر احمدی سیر ہو کر کھایا۔

حضور کی جہلم میں آمد

جب سیدنا حضرت مسیح موعود کا ورود جہلم کے سٹیشن پر ہوا تو وہاں پر بھی لوگوں کا ایک جم غفیر تھا۔ اس سفر میں راستہ میں حضور کو الہام ہوا "میں ہر ایک پہلو سے تجھے برکتیں دکھلاؤں گا" اور یہ الہام اسی وقت حاضر دوستوں کو سنا دیا گیا۔ والد صاحب فرماتے کہ اس کا نظارہ جو سامنے آیا وہ بیان سے باہر ہے جب گاڑی لاہور سے چلی تو گوجرانوالہ، وزیر آباد، گجرات، لالہ موسیٰ اور جہلم کے سٹیشنوں پر اس قدر لوگ زیارت کے لئے اکٹھے ہوئے کہ جہاں تک نظر کام کرتی تھی انسانوں کا ایک سمندر ٹھاٹھیں مارتا نظر آتا تھا۔ پلیٹ فارموں اور سٹیشنوں کے ارد گرد ہجوم سے کہیں تل دھرنے کو جگہ نہ تھی۔ پھر لطف یہ کہ مخالفت کے باوجود اس سفر میں اللہ تعالیٰ نے حضرت اقدس کی شخصیت میں اس قدر جذب پیدا کر دیا کہ باوجودیکہ یہ ہجوم احمدی نہ تھا لیکن تاہم لوگ زیارت کے لئے اس قدر بیتاب تھے کہ آپ کے چہرہ مبارک کی محض ایک جھلک دیکھ لینے کے لئے سر پیر کا زور لگاتے تھے اور ٹوٹے پڑتے تھے اور جب سامنے آتے تو ادب اور احترام سے جھک جھک جاتے تھے۔ ان سٹیشنوں پر جب پلیٹ فارم کے ٹکٹ ختم ہو گئے تو لوگ پھاٹک توڑ کر اندر گھس آتے۔ ریلوے ملازمین سے انتظام کرنا مشکل ہو جاتا۔ کہاں کا پلیٹ فارم، کہاں کا ٹکٹ اور کیسا انتظام۔ انسانوں کے اس سیلاب کے آگے سارا انتظام بہہ گیا۔ لوگوں کا شوق زیارت کسی طرح کم نہ ہوتا تھا گاڑی کے آگے پیچھے لوگ اس طرح ہجوم کر کے ٹوٹے کہ گاڑی چلانی مشکل ہو گئی۔ چنانچہ ان سٹیشنوں پر گاڑی وقت مقررہ سے زیادہ ٹھہرانی پڑی۔ ریلوے ملازمین نرمی سے گرمی سے جس طرح ممکن تھا لوگوں کو ٹرین سے الگ کرنے کی کوشش کرتے لیکن وہ جذب مقناطیسی تھا کہ لوگ گاڑی سے چمٹے چلے جاتے تھے۔

جب گاڑی جہلم کے سٹیشن پر رکی تو زائرین کے ہجوم کا یہ حال تھا کہ جہاں تک نظر جاتی پلیٹ فارم اور سٹیشن کا احاطہ، ریل کی سڑکیں اور ارد گرد کے مقامات اور سڑکیں انسانوں سے پٹی پڑی تھیں۔ حضرت صاحب کا سیکنڈ کلاس کا کمرہ ریزرو تھا اس لئے اس کمرہ کو کاٹ کر گاڑی سے الگ کر دیا گیا۔ ڈبہ کو گاڑی سے کاٹتے وقت ریلوے ملازمین کو بہت دقت پیش آئی۔ ہر مذہب و ملت کے لوگ بچے اور بوڑھے کثرت سے سٹیشن پر موجود تھے۔ ایک انگریز اور اس کی بیوی ہاتھ میں کیمرہ لئے ہجوم میں دھکے کھاتے پھرتے تھے کہ کوئی موقعہ ملے تو حضور کا فوٹو حاصل کریں مگر کوئی موقعہ نہ ملتا تھا۔ حضرت اقدس بڑی مشکل سے سٹیشن سے باہر نکل کر فٹن پر سوار ہوئے تو اب ہجوم کی وجہ سے سواری کا چلنا مشکل تھا راجہ غلام حیدر خاں تحصیلدار جہلم حضرت اقدس کی فٹن کے ساتھ ساتھ ہجوم کے ریلے کو روکتے اور مناسب انتظام کرتے چلے جا رہے تھے۔ آخر بڑی مشکل اور تگ و دو سے حضور اپنی جائے قیام پر تشریف لے آئے۔ سردار ہری سنگھ رئیس اعظم جہلم نے اپنی کوٹھی پیش کی تھی۔ جب حضور اندرون کوٹھی تشریف لے گئے تو باہر بہت بڑا ہجوم حضور کی زیارت کے لئے بیتاب کھڑا تھا۔ چنانچہ راجہ غلام حیدر خان صاحب تحصیلدار نے حضرت اقدس کی خدمت میں درخواست کی کہ حضور کوٹھی کے اوپر چڑھ کر لوگوں کو زیارت کرا دیں۔ حضور نے منظور کر لیا۔ کوٹھے پر ایک کرسی حضور کے لئے بچھا دی گئی۔ جس پر آپ فروکش ہو گئے اور دیر تک مشتاق زیارت آپ کو دیکھتے رہے۔ جماعت احمدیہ جہلم نے حضور اور آپ کے رفقاء کی مہمانی کا حق ادا کر دیا۔ تین دن حضور اس مقدمہ کی وجہ سے ٹھہرے اور ان تین دنوں میں کئی سو آدمیوں نے دو وقت کا کھانا کھایا۔

والد صاحب فرماتے تھے اس سفر میں حضرت صاحبزادہ عبداللطیف شہید بھی حضور کے ہمرکاب تھے۔ حضور کے جہلم تشریف لانے کے دوسرے دن مقدمہ عدالت میں پیش ہوا۔ مقدمہ کی انتظار میں حضرت اقدس ایک سایہ دار درخت کے نیچے عدالت سے باہر ایک کرسی پر فروکش ہو گئے اور بعض خدام بھی کرسیوں پر تشریف فرما تھے اور کثیر تعداد زمین پر بیٹھی ہوئی تھی اور خلقت ہزارہا کی تعداد میں کھڑی ہوئی نہایت جوش اور خلوص سے آپ کی زیارت میں منہمک تھی اور کوئی وہاں سے ہلنے کا نام نہ لیتا تھا۔ وہاں پر حضور کے خدام میں ایک شخص خان عجب خان نامی بھی موجود تھے۔ اس جذب اور تصرف روحانی کو دیکھ کر جو اس وقت عالم ظاہر میں بیّن نظر آ رہا تھا۔ خان عجب خاں فرط محبت میں دیوانہ کی طرح ہو گئے اور ان پر ایک رقت طاری ہو گئی اور انہوں نے عرض کیا کہ حضور میرا دل چاہتا ہے کہ میں آپ کے ہاتھوں کو بوسہ دوں۔ آپ نے ہاتھ آگے کر دیا اور انہوں نے کمال محبت سے حضور پُرنور کے ہاتھ کو چوم لیا۔ اس کے بعد حضرت اقدس نے ایک نہایت ہی پُر معارف تقریر فرمائی۔

جب عدالت میں مقدمہ پیش ہوا اور حضور کمرہ عدالت میں داخل ہوئے تو مجسٹریٹ تعظیماً کھڑا ہو گیا

اور حضور کو کرسی پیش کی گئی۔ مقدمے سے فارغ ہو کر حضور اپنی فرودگاہ پر تشریف لے آئے اس سفر میں والد صاحب فرماتے تھے کہ 1100 افراد نے حضرت اقدس کے ہاتھ پر بیعت کی۔ جب حضرت اقدس جہلم سے واپس قادیان روانہ ہوئے تو حضور اپنی قیام گاہ سے پیدل ہی سٹیشن کی طرف چل پڑے راستے میں ایک احمدی کا مکان تھا۔ اس نے درخواست کی حضور چند منٹ خاکسار کے مکان پر تشریف فرما ہوں۔ چنانچہ حضرت اقدس نے منظور کرلیا اور چند منٹ وہاں آرام کر کے پیدل ہی ریلوے سٹیشن پہنچ گئے۔ واپسی ریلوے سٹیشنوں پر پھر وہی ہجوم تھا۔ والد صاحب وزیر آباد اتر گئے اور سیدنا حضرت اقدس لاہور ایک دن قیام فرما کر واپس قادیان تشریف لے گئے۔

حضرت مسیح موعود کا سفر سیالکوٹ

جس طرح اللہ تعالیٰ نے حضرت والد صاحب کو حضور کے ساتھ سفر جہلم میں معیت حاصل ہوئی۔ اسی طرح سفر سیالکوٹ میں بھی ہمراہی کا شرف حاصل ہوا۔ چنانچہ حضرت اقدس اکتوبر 1904ء میں قادیان سے روانہ ہو کر امرتسر لاہور سے ہوتے ہوئے وزیر آباد پہنچے۔ حضرت اقدس کے لئے دو گاڑی کے ڈبے ایک تھرڈ کلاس اور ایک سیکنڈ کلاس کے ریزرو تھے۔ جب گاڑی وزیر آباد آ کر رکی تو حضرت صاحب والے دونوں ڈبے گاڑی سے کاٹ کر سیالکوٹ والی گاڑی کے ساتھ لگائے جانے تھے۔ والد صاحب فرماتے تھے کہ سٹیشن پر اس قدر ہجوم تھا کہ ریلوے ملازمین کو گاڑی کے ڈبے کاٹنے مشکل ہو گئے۔ ہر مذہب وملت کے لوگ کثیر تعداد میں حضرت اقدس کی زیارت کرنے کے لئے سٹیشن پر موجود تھے۔ بڑی مشکل سے یہ ڈبے سیالکوٹ والی گاڑی کے ساتھ لگائے گئے۔ وزیر آباد سے گاڑی روانہ ہو کر مغرب کے بعد سیالکوٹ پہنچی۔ سیالکوٹ کے سٹیشن پر بھی انبوہ خلائق کا وہ نظارہ تھا۔ جسے قلم بیان نہیں کرسکتی۔ گاڑیاں کاٹ کر پلیٹ فارم پر لگا دی گئیں۔ جو احاطہ سٹیشن میں سرائے مہاراجہ جموں و کشمیر کے متصل بر لب سڑک واقع ہے۔ جماعت سیالکوٹ کی طرف سے اس پلیٹ فارم پر روشنی کا بہت اچھا انتظام تھا۔ پولیس کا انتظام بھی بہت اعلیٰ تھا۔ حضرت اقدس مع احباب گاڑیوں میں سوار ہو گئے تو ایک جلوس کی شکل میں شہر کی طرف روانہ ہوئے۔ اس سفر میں حضرت اقدس کے ہمرکاب حضرت خلیفۃ المسیح الاول اور مولانا محمد احسن صاحب امروہی بھی تھے۔ حضرت مولانا عبدالکریم صاحب پہلے ہی مناسب انتظامات کے لئے سیالکوٹ آ چکے تھے۔ حضرت اقدس کے جلوس کے آگے آگے مہتابیاں چھوڑ کر روشنی کی جاتی تھی کیونکہ اس وقت سڑکوں پر روشنی کا انتظام نہ تھا۔ حضرت والد صاحب فرماتے تھے کہ مخالفین نے ایڑی چوٹی کا زور لگایا کہ کوئی حضرت اقدس کو دیکھنے نہ جائے مگر ان کی کسی نے نہ سنی۔ حضرت اقدس کو حضرت حکیم حسام الدین صاحب کے مکان پر ٹھہرایا گیا۔ جماعت سیالکوٹ نے مہمانداری کا حق ادا کر دیا۔

28 اکتوبر 1904ء کو جمعہ کے دن حضور نے نماز جمعہ حضرت مولانا عبدالکریم صاحب کی امامت میں حکیم حسام الدین والی بیت میں ادا کی اور نماز جمعہ کے بعد بہت سے احباب نے بیعت کی۔ بیعت لینے کے بعد حضرت اقدس نے ایک مختصر سی تقریر فرمائی۔

والد صاحب فرماتے تھے کہ چونکہ حضرت اقدس کو دیر تک دوستوں میں بیٹھنا پڑا اس لئے حضور کی طبیعت ناساز ہوگئی اور دو دن تک حضرت اقدس باہر تشریف نہ لاسکے۔

لیکچر سیالکوٹ

2 نومبر 1904ء کو سیدنا حضرت کا مشہور لیکچر جو کہ بعد میں لیکچر سیالکوٹ کے نام سے شائع ہوا۔ حضور نے صرف ایک دن میں سیالکوٹ میں لکھا اور حضرت مولانا عبدالکریم سیالکوٹی نے ہزارہا کے مجمع میں پڑھ کر سنایا۔ حضرت اقدس بنفس نفیس اس لیکچر میں موجود تھے۔

حضرت والد صاحب فرماتے تھے کہ سیالکوٹ میں اس سے پہلے ایسا عظیم الشان اجتماع کبھی دیکھنے میں نہ آیا تھا۔ سیالکوٹ کے معززین اور ذی علم طبقہ میں کوئی ایسا نہ تھا جو وہاں موجود نہ تھا۔ لوگ کرسیوں اور فرش پر بیٹھے ہوئے تھے۔ سٹیج پر حضرت اقدس، حضرت مولانا عبدالکریم، حضرت خلیفۃ المسیح الاول، مولانا محمد احسن صاحب امروہی اور سر میاں فضل حسین بیرسٹر جو کہ بعد میں ہندوستان میں چوٹی کے لیڈر ہوئے تشریف فرما تھے۔ حضرت مولانا حکیم نورالدین صاحب جلسہ کے صدر قرار پائے۔ صاحب صدر نے اپنی مختصر سی تقریر میں حضرت اقدس کا تعارف لوگوں سے کرایا اور پھر حضرت مولانا عبدالکریم صاحب کی خدمت میں درخواست کی کہ وہ حضرت اقدس کا مضمون پڑھ کر سنائیں۔ چنانچہ حضرت مولوی صاحب نے نہایت ہی دلکش آواز میں اپنا لیکچر سنا کر لوگوں کو مسحور کیا۔

جب لیکچر ختم ہوا اور حضرت اقدس واپس تشریف لے جانے کے لئے تیار ہوئے تو ایک بہت بڑی مشکل پیش آئی۔ خطرہ تھا کہ حضرت اقدس پر کوئی حملہ نہ ہو جائے اس لئے حضرت اقدس کے لئے ایک بند گاڑی کا بندوبست کیا گیا۔ جونہی یہ گاڑی جلسہ گاہ سے روانہ ہوئی۔ مخالفین نے حضرت اقدس کی بند گاڑی پر بے تحاشا پتھر برسائے مگر چونکہ گاڑی بند تھی اس لئے تمام پتھر حضرت اقدس کی گاڑی کے تختوں پر لگتے رہے اور حضور بفضل اللہ تعالیٰ محفوظ رہے اور بخیریت تمام واپس اپنی قیام گاہ پر تشریف لے آئے۔ الحمد للہ

آخری دن حضور کی قیام گاہ پر لوگوں کا ایک تانتا بندھا رہا اور کثرت سے بیعت ہوئی۔

قادیان کو واپسی

3 نومبر کو حضرت اقدس مع خدام قادیان کو واپس جانے کے لئے تیار ہوئے۔ حضرت اقدس کے لئے ایک سیکنڈ کلاس کا ڈبہ ریزرو تھا۔ آپ اس میں سوار ہوئے۔ پلیٹ فارم آپ کے خدام اور زائرین سے بھرا ہوا تھا۔

جب حضرت اقدس کی گاڑی وزیر آباد کے ریلوے سٹیشن پر آ کر رکی تو ڈسکہ کے مشنری پادری سکاٹ نے حضرت اقدس سے آ کر ملاقات کی۔ اس کے ساتھ عبدالحق بھی تھا۔ اس نے عبدالحق کی طرف اشارہ کرتے ہوئے کہا کہ آپ نے ہمارا ایک نوجوان لے لیا ہے۔ پھر دیر تک پادری صاحب سے گفتگو ہوتی رہی۔ جب وہ حضرت اقدس کے ٹھوس دلائل کے سامنے تاب نہ لا سکا تو اٹھ کر چلتا بنا اور حضرت اقدس کی گاڑی لاہور کے لئے روانہ ہوگئی اور والد صاحب لاہور تک حضرت اقدس کے ساتھ گئے اور وہاں سے واپس آ گئے۔

بقیہ صفحہ 6

تحفظ کے لئے مقرر ہے وہ بھی لاپرواہی کا مظاہرہ کر رہی ہے میرپور خاص، نواب شاہ اور دوسرے شہروں میں فرقہ واریت اور دہشت گردی ہو رہی ہے بے گناہ افراد کو قتل کیا جا رہا ہے پولیس ڈھونڈے نہیں ملتی کیا سندھ میں قانون اور انصاف نام کی چیز کوئی نہیں۔......

(سندھی اخبار تعمیر سندھ 12 ستمبر 2008ء)

مذہب کے نام پر قبیح حرکت

بھگوان پورہ لاہور سے منور شاہد لکھتے ہیں۔

گزشتہ چند روز سے ملک میں فرقہ واریت کی ایک نئی لہر دوڑ گئی ہے اور اس فرقہ واریت میں اب تک دو احمدیوں کا مذہب اور اسلام کے نام پر ناحق خون کر دیا گیا ہے۔ 7 ستمبر کو ایک نجی ٹی وی چینل پر چلنے والے لائیو پروگرام کے میزبان نے احمدیوں کے بارے میں علی الاعلان قتل کا فتویٰ جاری کرتے ہوئے اس بات پر اصرار کیا کہ احمدیوں کو پاکستان میں جینے کا کوئی حق نہیں ہے۔ رمضان المبارک کے بابرکت ایام میں ان صاحب نے لوگوں کے جذبات کو انگیختہ کرنے میں کوئی کسر اٹھا نہ رکھی۔

اس آگ لگانے والی حرکت کے نتیجے میں کوئی کسر اٹھا نہ رکھی مشتعل لوگ اٹھے اور انہوں نے دو انتہائی معصوم لوگوں کو قتل کر دیا۔ ان مقتولوں میں میرپور خاص کے ایک ڈاکٹر عبدالمنان صدیقی تھے جو کہ بحالت روزہ اپنے ہسپتال میں مریضوں کا علاج کر رہے تھے اور نہایت غریب پرور اور دکھی انسانیت کا مفت علاج کرنے کے سلسلے میں اپنے علاقے میں بہت معروف تھے۔ ان کو قتل کرنے کی وجہ صرف اور صرف یہ بنی کہ موصوف اپنے آپ کو احمدی کہتے تھے۔ اسی طرح نواب شاہ میں محمد یوسف کو بھی محض اس لئے قتل کر دیا گیا کہ اس نجی ٹی وی چینل کے میزبان نے سادہ لوح لوگوں کو اشتعال دلایا اور انہوں نے مذہب کے نام پر قبیح حرکت کر دی۔

فتویٰ جاری کرنے والے میزبان کی علمی سطح کیا ہے یہ تو ایک الگ موضوع ہے مگر حیرت اس بات پر ہوتی ہے کہ ایک معروف اور سلجھے ہوئے افراد پر مشتمل چینل نے ایسا ناعاقبت اندیش اور غیر اسلامی فعل کرنے والے فرد کو کس طرح اپنے پاس رکھا ہوا ہے اور نہ صرف رکھا ہوا بلکہ ان سے لائیو پروگرام کرواتے ہیں۔ میں بڑے یقین سے کہتا ہوں کہ کوئی بھی ادارہ یا تنظیم جو عقل سلیم رکھتی ہے اور ملک میں امن وسکون کی خواہاں ہے وہ کبھی بھی ایسے میزبان کو اپنے ساتھ نہیں رکھ سکتی۔ ہماری متعلقہ چینل سے گزارش ہے کہ تمام دنیا میں احمدی بھی ان کے چینل کو دیکھتے اور سنتے ہیں ان کے جذبات کا خیال رکھتے ہوئے متعلقہ میزبان کے ساتھ اپنا معاہدہ کینسل کریں کیونکہ وہ دنیا میں شرمندگی اور ندامت کا باعث بنا ہے۔

(روزنامہ آج کل کراچی 13 ستمبر 2008ء)

ڈاکٹر صغریٰ جونیجو ناظم ضلع میرپور خاص

میرپور خاص: ضلع ناظم میرپور خاص ڈاکٹر صغریٰ جونیجو (جو کہ جناب محمد خان جونیجو سابق وزیراعظم پاکستان کی صاحبزادی ہیں۔ ناقل) نے قانون نافذ کرنے والے اداروں پر زور دیا ہے کہ وہ ڈاکٹر عبدالمنان صدیقی اور نامور صحافی زبیر احمد مجاہد کے قتل میں ملوث ملزمان کو جلد از جلد گرفتار کر کے کیفر کردار تک پہنچانے کے لئے اپنا بھرپور کردار ادا کریں ان خیالات کا اظہار انہوں نے ضلع میں امن وامان کے متعلق ایک اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ ڈاکٹر عبدالمنان صدیقی ایک شریف انسان تھے ان کے قتل کی واردات سے لوگوں میں خوف کی لہر دوڑ گئی اس لئے پولیس کو چاہئے کہ ملزمان کو جلد از جلد گرفتار کر کے شہریوں پر پولیس کا اعتبار بحال کرے............

(روزنامہ آج کل کراچی 14 ستمبر 2008ء)

عجیب لوگ ہیں یہ کاروانِ عشق کے لوگ
یہ قتل ہوتے ہیں اور پھر بھی کم نہیں ہوتے

دنیا کا پہلا ڈاک ٹکٹ

دنیا کا پہلا ڈاک ٹکٹ ''پینی بلیک'' 6 مئی 1840ء کو انگلستان میں شائع ہوا۔ یہ سر ولینڈ ہل نے ڈیزائن کیا تھا۔ پورے برصغیر کے لئے ہندوستانی حکومت نے پہلا ڈاک ٹکٹ 1854ء میں شائع کیا۔

مرتبہ: مکرم عبدالسلام عارف صاحب

رمضان المبارک 2008ء میں دو احمدیوں کا سندھ میں بلا جواز قتل

ملکی اور بین الاقوامی شخصیات کا رد عمل اور شدید مذمت

مورخہ 8 ستمبر 2008ء کو محترم ڈاکٹر عبدالمنان صدیقی صاحب امیر ضلع میرپور خاص کو اور مورخہ 9 ستمبر 2008ء کو محترم سیٹھ محمد یوسف صاحب امیر ضلع نواب شاہ کو رمضان المبارک کے مقدس مہینہ میں محض احمدی ہونے کی وجہ سے راہ مولیٰ میں قربان کر دیا گیا۔ ان دونوں معصوم اور معزز لوگوں کا گناہ صرف یہی تھا کہ یہ پُر امن اور بے لوث انسان دوست اور خدمت خلق کے جذبہ سے سرشار ''احمدی لوگ'' ہیں۔

حقیقت یہی ہے کہ 8 اور 9 ستمبر 2008ء کے ان دو دنوں میں گویا ان دو شہروں کے باسی سکتہ میں پڑ گئے اپنے ان دمکتے ہیروں کی روشنی سے محروم ہو کر وادیٔ مہران پر ایک اندھیرا محسوس ہونے لگا۔

ان دو امراء اور معزز شہریوں کی المناک جڑواں قربانی پر جہاں عالم احمدیت سوگوار ہوگئی وہاں پبلک لیول پر شہری، ملکی اور بین الاقوامی سطح پر اضطراب کی ایک لہر دوڑ گئی اور ان بے گناہ شخصیات کے بلاوجہ قتل پر انتہائی فکر، تشویش اور غم وغصہ اور دکھ کا اظہار کیا گیا۔ ذیل میں بعض مثالیں درج ہیں۔

ٹورانٹو کینیڈا کی انسانی حقوق اور صحافیوں کی عالمی تنظیم کی مذمت

ٹورانٹو (امن نیوز) انسانی حقوق اور صحافیوں کی عالمی تنظیموں نے مذہبی انتہا پسندوں کے ہاتھوں دو احمدی راہنماؤں کے قتل کی مذمت کرتے ہوئے قاتلوں کی گرفتاری اور ان کو قرار واقعی سزا دلانے کا مطالبہ کیا ہے۔ صحافیوں کی بین الاقوامی تنظیم ایک نجی ٹی وی چینل کے پروگرام عالم آن لائن میں اشتعال انگیزی کی مذمت کرتے ہوئے اسے احمدیوں کے قتل کا محرک قرار دیا ہے۔ صحافیوں کی تنظیم کو تشویش ہے کہ نجی ٹی وی چینل پر نشر ہونے والے پروگرام کے بعد دونوں احمدیوں کو قتل کیا گیا۔

انسانی حقوق کی پاکستانی تنظیم نے احمدیوں کے قتل کی مذمت کرتے ہوئے میڈیا پر منافرت پھیلانے کی مہم بند کرنے کے ساتھ حکومت سے مطالبہ کیا کہ احمدی شہریوں کے قاتل انصاف کے کٹہرے میں لائے جائیں اور کسی شخص کو مذہبی اشتعال انگیزی کے لئے میڈیا کو استعمال کرنے کی اجازت نہ دی جائے۔

انسانی حقوق اور صحافیوں کی تنظیموں کے مطابق انتہائی اشتعال انگیز اور منافرت پھیلانے والا پروگرام ''عالم آن لائن'' ایشیا، یورپ اور شمالی امریکہ کے لئے 7 ستمبر 2008ء کو نشر کیا گیا جس میں احمدیوں کو کافر اور واجب القتل قرار دیا گیا اس پروگرام کا میزبان مسلسل نفرت پر مبنی اپیلیں کرتا رہا ہے اس کا یہ بھی کہنا ہے کہ جو شخص بھی احمدیوں جیسے عقائد رکھتا ہے وہ بھی واجب القتل ہے۔

(روزنامہ امن کراچی 17 ستمبر 2008ء)

الطاف حسین کا احتجاج

لندن (پ) متحدہ قومی موومنٹ کے قائد الطاف حسین نے نواب شاہ میں مسلح دہشت گردوں کے ہاتھوں احمدی فرقہ کے ضلعی امیر محمد یوسف کے بہیمانہ قتل کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اور اس واردات کو مذہبی انتہا پسندی کا تسلسل قرار دیا ہے ایک بیان میں الطاف حسین نے کہا کہ دو روز قبل میرپور خاص میں احمدیہ فرقے سے تعلق رکھنے والے ڈاکٹر منان صدیقی کو ان کے ہسپتال میں گھس کر ٹارگٹ کلنگ کا نشانہ بنایا گیا تھا اور منگل کی شب مسلح دہشت گردوں نے احمدی جماعت نواب شاہ کے ضلعی امیر کو اس وقت فائرنگ کا نشانہ بنا کر قتل کر دیا جب وہ اپنے گھر سے عبادت کے لئے جا رہے تھے۔

الطاف حسین نے کہا کہ دو روز میں احمدی فرقہ سے تعلق رکھنے والی دو معروف شخصیات کا قتل ملک بھر کے اعتدال پسند عوام کے لئے لمحہ فکریہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ جو عناصر فقہ اور عقائد سے اختلاف کی بنیاد پر بے گناہ افراد کا قتل کر رہے ہیں وہ نہ صرف انسانیت کے کھلے دشمن ہیں بلکہ عقائد سے اختلاف کی بنیاد پر بے گناہ افراد کو قتل کر کے دنیا بھر میں دین اسلام کو بدنام بھی کر رہے ہیں۔ جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔

الطاف حسین نے صدر مملکت آصف علی زرداری، وزیراعظم یوسف رضا گیلانی، گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد اور وزیراعلیٰ سندھ سید قائم علی شاہ سے مطالبہ کیا کہ میرپور خاص اور نواب شاہ میں احمدی جماعت سے تعلق رکھنے والے ڈاکٹر منان صدیقی اور محمد یوسف کے بہیمانہ قتل کا سنجیدگی سے نوٹس لیا جائے۔ سفاک قاتلوں کو گرفتار کر کے سخت ترین سزا دی جائے اور احمدی فرقہ سے تعلق رکھنے والے افراد کی جان و مال اور عبادت گاہ کے تحفظ کے لئے ہنگامی بنیادوں پر عملی اقدامات کئے جائیں۔

(روزنامہ نوائے وقت کراچی 11 ستمبر 2008ء)

انسانی حقوق کمیشن آف پاکستان

پاکستان کمیشن برائے انسانی حقوق نے سندھ میں دو احمدیوں کے قتل اور ایک ٹیلی ویژن پروگرام کے دوران قتل کی ترغیب دینے کے معاملے کو نہایت اہم سنجیدہ قرار دیتے ہوئے مطالبہ کیا ہے کہ اقلیتوں کے تحفظ کو یقینی بنایا جائے اور میڈیا کے ذریعے نفرتوں کے فروغ کو روکا جائے۔ اس ضمن میں کمیشن نے درج ذیل بیان جاری کیا ہے۔

سوموار کے روز میرپور خاص میں ایک نامور احمدی فزیشن اور ماہر امراض قلب کو قتل کر دیا گیا اگلے روز ایک اور معروف احمدی کو نواب شاہ میں مار دیا گیا۔ احمدی برادری یہ سمجھتی ہے کہ قتل کی ان دو بہیمانہ وارداتوں اور ایک نجی ٹیلی ویژن چینل سے نشر کئے گئے پروگرام میں ضرور کوئی ربط ہے جس میں ایک مذہبی راہنما نے احمدیوں کو موت کی سزا دینے کا مطالبہ کیا اور میزبان نے اس کی تائید کی۔ اگر ٹیلی ویژن پروگرام میں تشدد کی ترغیب اور دو احمدیوں کے قتل کے دو واقعات میں کوئی براہ راست ربط نہ بھی ہو تب بھی ایسے واقعات کو برداشت نہیں کیا جا سکتا۔

حکومت اس امر کو یقینی بنائے کہ احمدی شہریوں کے قاتل انصاف کے کٹہرے میں لائے جائیں اور میڈیا، خاص طور پر الیکٹرانک میڈیا کو فرقہ وارانہ منافرت اور برادر کشی کی تبلیغ سے روکا جائے۔ ٹیلی ویژن چینلوں کا بھی فرض ہے کہ غیر ذمہ دار میزبانوں کا احتساب کریں۔ اگر وہ ایسا کرنے میں ناکام رہیں گے تو یہ ایک گھناؤنے جرم میں ان کی شرکت کے مترادف ہوگا۔

(رسالہ جہد حق۔ پاکستان کمیشن برائے انسانی حقوق جلد نمبر 15 شمارہ 10/ اکتوبر 2008ء ص 3)

سیاسی اور سماجی تنظیموں کا مظاہرہ

میرپور خاص (نامہ نگار) میرپور خاص کے ڈاکٹر منان صدیقی کے قاتلوں کی عدم گرفتاری کے خلاف میرپور خاص کی سیاسی اور سماجی تنظیموں کی جانب سے پوسٹ آفس چوک پر مظاہرہ کیا گیا، اس موقع پر کاز کے راہنما اصغر ناریجو، ڈاکٹر حسین مری، جسقم کے ذیشان لغاری اور دیگر نے کہا کہ ایک نجی ٹی وی چینلز پر پروگرام کے بعد قادیانیوں اور دیگر اقلیتوں کے خلاف مذہبی انتہا پرستی میں اضافہ ہوا ہے۔ شہر کے ایک ایماندار ڈاکٹر منان صدیقی کو مذہبی تنگ نظری اور انتہا پسندی کی آڑ میں قتل کر دیا گیا۔ نواب شاہ میں احمدی فرقے کے راہنما کو بھی قتل کر دیا گیا۔

(روزنامہ نوائے وقت کراچی 20 ستمبر 2008ء)

تعزیتی اجلاس

میرپور خاص (نامہ نگار) میرپور خاص کی مختلف سیاسی اور سماجی تنظیموں کی جانب سے ڈاکٹر عبدالمنان صدیقی کے قتل پر ایک تعزیتی اجلاس ہوا۔ جس میں ظہور لغاری جئے سندھ، حمید چنا TURC، اصغر ناریجو کاز، فقیر قیصر خان، مری جسقم اور دیگر نے ڈاکٹر عبدالمنان صدیقی کے قتل کو انسانیت کا قتل قرار دیتے ہوئے سخت مذمت کی اور قاتلوں کی فوری گرفتاری کا مطالبہ کیا۔ انہوں نے کہا کہ ملک کی تمام سیکولر ترقی پسند اور لبرل سیاسی، سماجی پارٹیوں کو متحد ہو کر انتہا پسندی کے خلاف مشترکہ جدوجہد کرنی چاہئے۔

(نوائے وقت کراچی 20 ستمبر 2008ء)

سندھ صوفیوں اور درویشوں کی سرزمین

میرپور خاص (نمائندہ امن) معروف ڈاکٹر عبدالمنان صدیقی کے قتل میں ملوث دہشت گردوں کی عدم گرفتاری اور نجی ٹی وی کے پروگرام کے مینیجر عامر لیاقت حسین پر ڈاکٹر منان صدیقی کے قتل کے مقدمہ کے اندراج کے لئے مختلف سماجی تنظیموں کی طرف سے احتجاجی مظاہرہ کیا گیا۔ احتجاجی مظاہرین سے خطاب کرتے ہوئے اصغر ناریجو، کانجی، رانو بھیل، ذیشان لغاری اور دیگر نے کہا کہ مذہبی انتہا پسندوں کی جانب سے صوفیوں اور درویشوں کی سرزمین پر اس قسم کی وحشیانہ کارروائیاں سندھی عوام کی مذہبی رواداری پر براہ راست حملہ ہے۔

انہوں نے کہا کہ حکومت فی الفور عامر لیاقت حسین پر قتل کا مقدمہ درج کرے انہوں نے کہا کہ سندھ میں اس قسم کی کارروائیوں کے خلاف پورے سندھ میں احتجاج کیا جائے گا۔

(روزنامہ امن کراچی 17 ستمبر 2008ء)

ایڈیٹر کی ڈاک کے 2 مراسلے

1۔ روزنامہ تعمیر سندھ کے کالم ''ٹھکری چتیی تنھجیی نالیی'' ایک سندیسہ تیرے نام میں بعض قارئین کے خط کا متعلقہ حصہ کا ترجمہ یہ ہے۔

...........مطلب یہ ہے کہ اس دیس میں یوں لگتا ہے جیسے جنگل کا قانون ہے۔ پولیس جو کہ عوام کے

(باقی صفحہ 5 پر)

وصایا

ضروری نوٹ

مندرجہ ذیل وصایا مجلس کارپرداز کی منظوری سے قبل اس لئے شائع کی جارہی ہیں کہ اگر کسی شخص کو ان وصایا میں سے کسی کے متعلق کسی جہت سے کوئی اعتراض ہو تو **دفتر بہشتی مقبرہ** کو پندرہ یوم کے اندر اندر تحریری طور پر ضروری تفصیل سے آگاہ فرمائیں۔

سیکرٹری مجلس کارپرداز۔ ربوہ

مسل نمبر 91886 میں Ahmad Nsiakoh

